25/01/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینسید مشاہد حسین

یوم جمہوریہ

اس دوران ملک بھر میں77ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں اور اس سلسلے میں پورا ملک حب الوطنی کے جذبے کے رنگ میں رنگا ہوا ہے۔

یوم جمہوریہ سے قبل گذشتہ کل فُل ڈریس ریہرسلز کا انعقادبھی ہوا۔ سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں منعقدہ فُل ڈریس ریہر سل کے پروگرام میں صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

جمونو کشمیر کے دیگر سبھی ضلع صدر مقامات پر بھی اس طرح کے پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

من کی بات

اسی دوران وزیر اعظم نریندر مو دی نے عوام کو جشن جمہور کی مبارکباد پیش کی ہے۔2026کے اپنے پہلے ماہانہ ریڈیو پروگرام " من کی بات" میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک کے اولین آئین سازوں کو شاندار خراج ادا کیا۔

وزیر اعظم نے آج منائے جانے والے نیشنل ووٹرس ڈے کا ذکر کر تے ہوئے کہا کہ اپنے ملک میں ووٹر بن جانا ایک انسان کےلئے باعث خوشی ہو تا ہے۔ انہوںنے18برس کی عمر کو پہنچنے والے سبھی نوجوانوں کو ووٹر فہرستوں میں اپنے ناموں کا اندراج کرانے کےلئے کہا۔

نریندر مو دی نے دیگر اہم موضوعات کے علاوہ ماحولیات، ایک پیڑ ماں کے نام، سوچھ بھارت مشن، انڈیا AI Impact سمٹ اور مختلف شعبوں میں بھارت کی حصولیابیوں اور کامیوں کا بھی خصوصی تذکرہ کیا۔

ووٹرس ڈے

اس دوران آج ملک بھر میں نیشنل ووٹرس ڈے منایا جارہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع" میرا بھارت میرا ووٹ ہے"۔ ملک بھر میں آج لاکھوں نئے رجسٹر شدہ نوجوانوں میں چناؤ شناختی کارڈ تقسیم کئے جا رہے ہیں۔

جمونو کشمیر میں بھی اس دن کے موقعے پر آج مختلف تقاریب کا اہتمام ہے جس دوران عام لوگوں کو حق رائے دہی کے استعمال اور جمہوری عمل میں شرکت کی ترغیب دی جارہی ہے۔ اصل مینیہ دن ملک میں اہم آئینی ادارے بھارتی چناؤ کمیشن کا یوم تاسیس ہے۔

اس سلسلے میں کھیل کود اور امور نوجوانان کی مرکزی وزارت کے زیر اہتمام آج سرینگر میں کا ایک پروگرام منعقد کیا جا رہا My Bharat My Vote پد یاترا :سنڈےز آن سائیکل کے تحت ہے۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی ووٹرس ڈے کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے جمہوری اور آئینی اقدار کو مضبوط کرنے کے عزم کی تجدید نو کرنے پر زور دیا ہے۔

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے جمونو کشمیر کے پولیس کے اُن افسروں اور اہلکاروں کو بھی مبارکباد دی ہے جنہیں اس یوم جمہوریہ کے موقعے پر نمایاں خدمات اور بہترین کارکردگی کےلئے صدر جمہوریہ کے میڈل// بہادری کے میڈل اور دیگر اعزازات سے نواز جا رہا ہے۔

انعام

یوم جمہوریہ کی تقریب کے پیش نظر ضلع انتظامیہ سرینگر کی طرف سے منعقد کر دہ ایک پروگرام کے دوران سِول اور پولیس انتظامیہ میں نمایاں کارکردگی اور بہتر خدمات انجام دینے والے افسروں اور ملازمین کو انعام و اکرام سے نوازا گیا ۔

یہ ایوارڈ ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو ، ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکربرتی اور کمشنر فضل الحسیب نے متعلقہ انعام یافتگان کو تفویض کئے۔ SMC

خطاب

یوم جمہوریہ سے پہلے آج شام 7بجے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو قوم سے خطاب کریں گی۔ اُن کا خطاب آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک سے پہلے ہندی اور پھر انگریزی میں نشر کیا جائے گا۔

صدر جمہوریہ کے اس خطاب کے تناظر میں ہمارے یہاں سے نشر ہونے والے شام کے کشمیری اور اُردو بلٹنز کے اوقات کار میں تبدیلی کی گئی ہے۔

اس تبدیلی کی رو سے شام6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا قومی کشمیری بلٹن آج شام 6بجکر10منٹ پر نشر ہو گا۔ اسی طرح سے ساڑھے 7 بجے شام نشر ہونے والا علاقائی کشمیری بلٹن آج شام ساڑھے6بجے پیش کیا جائے گا۔

شام7بجکر40منٹ پر نشر ہونے والے بلٹن کا وقتِ نشریہ آج6بجکر پر40منٹ پر رہے گا۔

دریں اثناءصدر جمہوریہ کے خطاب کا کشمیری ترجمہ رات ساڑھے9بجے نشر کیا جائے گا۔

سیاحت

آج سیاحت کا قومی دن بھی منایاجا رہا ہے ۔ اس دن کا مقصد ملک کے سیاحتی وسائل اور اقتصادی وسماجی شعبے میں اس سیکٹر کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے اس دن کے موقعے پر جمونو کشمیر کی بے مثال قدرتی خوبصورتی، مالامال ثقافتی و تمدنی وراثت اور لوگوں کی مہمان نوازی کو اُجاگر کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے سیاحتی سیکٹر کو ترقی دینے میں اپنی سرکار کا عزم بھی دہرایا ہے۔

شوپیان

پی ڈی پی کے معاون جنرل سیکریٹری ایڈوکیٹ محمد یوسف بٹ نے کہا ہے کہ ضلع شوپیان کی اکثر اندرونی سڑکوں سے ابھی تک برف نہیں ہٹائی گئی ہے، جس کے وہاں نہ صرف لوگ درماندہ ہو کر رہ گئے ہیں بلکہ بیشتر علاقوں میں پینے کے پانی کی قلت بھی پیدا ہو گئی ہے۔

روزگار میلہ

وزیر اعظم نریندر مو دی کی زیر قیادت کل منعقد ہوئے18ویں روزگار میلے کا ایک پروگرام ہیڈ کواٹرس میں بھی منعقد ہوا۔Frontierسرینگر میں بی ایس ایف

اس دوران سینٹرل آرمڈ پولیس فورس میں 100کانسٹیبل امید واروں کو نوکریوں کے تقرر نامے تفویض کئے گئے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

.....